فوری ریلیز کے لیے: 2024/10/7 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے "آف لائن ہوں، باہر نکلیں" مہم کے آغاز کے بعد چار جولائی کی چھٹی پر نیو یارک کے ریاستی پارکس میں 2.8 ملین سیاحوں کی آمد کا جشن منایا ہے

گورنر Hochul کی جانب سے اس موسم گرما میں ریاستی پارک پول تک مفت رسائی کے اعلان کے بعد، پول پر لوگوں کی آمد میں جولائی 4 والی ہفتہ وار تعطیل پر 65 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا ہے

ریاستی پارک میں لوگوں کی مجموعی آمد میں 30 فیصد اضافے سے سیاحوں کی تعداد 2.8 ملین تک بڑھ گئی ہے

83,741 لوگوں نے 4 جولائی سے 7 جولائی تک ریاستی پارک کے پولز کی سیاحت کی – جو کہ 2023 کی نسبت 33,219 تک کا اضافہ ہے

یہ بچوں اور خاندانوں کو "آف لائن ہوں، باہر نکلیں" کی ترغیب دینے والی گورنر کی موسمِ گرما کی مہم کا ایک جزو ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ گورنر کی "آف لائن ہوں، باہر نکلیں" مہم کے ایک حصے کے طور پر تمام موسمِ سرما میں ریاستی پارک کے پولز تک مفت رسائی کے بعد، نیو یارک ریاستی پارک میں پول کی حاضری میں 4 جولائی تا 7 جولائی کے درمیان 65 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ ہفتہ وار تعطیل کے دوران ریاستی پارک میں لوگوں کی مجموعی آمد میں 30 فیصد تک اضافہ ہو گیا ہے، جو کہ 2023 میں 2.2 ملین سیاحوں کی نسبت اس سال 2.8 ملین ہے۔ گورنر Kathy Hochul نے "آف لائن رہیں، باہر نکلیں" مہم کا آغاز کیا ہے تاکہ نیو یارک کے بچوں اور خاندانوں کو اپنے فونز اور کمپیوٹرز چھوڑ کر، سوشل میڈیا سے ایک وقفہ لیتے ہوئے، اور تفریح اور بیرونی سماجی میل جول کے اجتماعات سے لطف اندوز ہونے میں مدد دے کر جسمانی اور ذہنی صحت کو فروغ دیا جائے۔ اس سے پسماندہ کمیونٹیز میں پُولز کی معاونت کے لیے گورنر کی $150 ملین لاگت کی NY SWIMS کی تاریخی سرمایہ کاری پر عمل درآمد کیا جائے گا – جو کہ تیراکی کے شعبے میں نیو ڈیل (New Deal) کے بعد سے اب تک کی نیو یارک کی سب سے بڑی سرمایہ کاری ہے۔

"چار جولائی والی اس ہفتہ وار تعطیل پر، نیو یارک کے بچوں اور خاندانوں نے اپنے فون چھوڑ دیئے، وہ گھروں سے باہر نکلے، اور ہمارے خوبصورت ریاستی پارکس میں پُول تک مفت رسائی کا فائدہ اٹھایا،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ مشاہدہ کرنا ایک حیرت انگیز خبر ہے کہ اس گزشتہ تعطیل پر لاکھوں لوگوں نے گھر سے باہر اپنا وقت گزارا، اور میں نیو یارک کے شہریوں کی حوصلہ افزائی کر رہی ہوں کہ وہ متحرک رہیں اور اس موسم گرما میں گرمی کو شکست دیں۔"

4 جولائی سے 7 جولائی تک، نیو یارک کے 2.8 ملین شہریوں نے گورنر کے اس مشورے پر عمل کیا کہ نیو یارک کے ریاستی پارک میں باہر نکلیں اور چھٹی منائیں۔ 83,741 لوگوں نے ریاستی پارکس کے پولز کی سیاحت کی –جو کہ 2023 کی نسبت 33,219 تک کا اضافہ ہے۔ 2 جولائی کو، گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا کہ ریاست کی جانب سے رواں موسمِ گرما کے باقی دنوں میں نیو یارک کے طول و عرض میں واقع ریاستی پارکوں میں موجود سوئمنگ پُولز میں پُول کی داخلہ فیس ختم کی جا رہی ہے۔ ریاستی پارک کے مقامات پر معمول کی پارکنگ فیس تاحال

نافذ ہے جن میں آن سائٹ پارکنگ شامل ہے۔ گورنر Hochul نے ریاستی پارک کے پُولز میں ایک پائلٹ پروگرام کا بھی آغاز کیا ہے جس کے تحت مفت سن اسکرینز دیئے جائیں گے تاکہ وہاں آنے والے خاندان دھوپ سے محفوظ رہتے ہوئے باہر کی فضا سے لطف اندوز ہو سکیں۔

ریاست نیو یارک کے پارکس کے قائم مقام کمشنر Randy Simons نے کہا، "ریاست نیو یارک کی یوم آزادی والی ہفتہ وار تعطیل پر ہمارے پارکوں اور تاریخی مقامات پر تیراکی، کیمپنگ، گولفنگ، ہائیکنگ اور سیر و تفریح کے لیے لوگوں کا بھرپور ہجوم موجود رہا۔ نیو یارک خوش قسمت ہے کہ ریاست بھر میں اس طرح کے اعلیٰ معیار کے ریاستی پارکس اور تاریخی مقامات موجود ہیں، اور مجھے خوشی ہے کہ گورنر Hochul کی جانب سے خاندانوں کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے کہ وہ ریاست کے شاندار بیرونی مقامات کا تجربہ حاصل کرنے کے لیے 'آف لائن ہوں اور باہر نکلیں'۔"

گورنر Hochul کی "آف لائن ہوں، باہر نکلیں" نامی مہم کی بنیاد نیو یارک بھر میں نوعمر افراد اور خاندانوں میں صحت مند طرزِ زندگی کے فروغ کی ان کی کوششوں پر استوار ہے۔ گورنر Hochul نے حال ہی میں قومی رہنما قانون سازی پر دستخط کیے ہیں – جو کہ اسٹاپ ایڈکٹو فیڈز ایکسپلوئیٹیشن (Stop Addictive Feeds Exploitation, SAFE) فار کِڈز ایکٹ اور نیو یارک کا چائلڈ ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ ہے – تاکہ عادی بنانے والی سوشل میڈیا فیڈز سے بچوں کی حفاظت کی جائے اور آن لائن پلیٹ فارمز سے ان کے ذاتی ڈیٹا کو تحفظ دلایا جائے۔

پوری ریاست میں، ذہنی صحت کے شعبے پر اپنی $1 بلین کی سرمایہ کاری کے ایک جزو کے طور پر گورنر Hochul نے نوعمر افراد اور ان کے اہلِ خانہ کے لیے ذہنی نگہداشتِ صحت اور وسائل تک رسائی میں نمایاں اضافہ کیا ہے، جس میں اسکول میں قائم ذہنی صحت کے کلینکس اور یوتھ اسرٹیو کمیونٹی ٹریٹمنٹ ٹیمیں شامل ہیں۔ گورنر نے مالی سال 2025 کے نافذ کردہ بجٹ میں نوجوانوں کی معاونتوں اور خدمات کے لیے اضافی فنڈنگ کے ساتھ اس سرمایہ کاری کی بنیاد رکھی ہے۔

جیسا کہ گورنر Hochul نوعمر افراد کو غیر صحتمندانہ عادات ترک کرنے اور ان کی ذہنی صحت میں معاونت کے سلسلے میں مدد فراہم کر رہی ہیں، بالکل اسی طرح وہ بچوں کے لیے جسمانی طور پر چُست رہنے اور دوست احباب اور اہلِ خانہ کے ساتھ گھر سے باہر وقت گزارنے میں بھی آسانی لا رہی ہیں۔ پولز اور تیراکی کے اسباق کے لیے ذرائع نقل و حمل تک رسائی میں توسیع کے سلسلے میں یہ اعلانات، ریاست نیو یارک بھر میں مزید شہریوں کو "آف لائن رہنے، باہر نکلنے" میں مدد دیں گے۔

نیو یارک کے رہائشی اب اس موسمِ گرما میں داخلہ فیس کے بغیر ہی درج ذیل پُولز پر جا سکتے ہیں:

- **ہڈسن ویلی**
  - **بیئر ماؤنٹین اسٹیٹ پارک پُول** – بیئر ماؤنٹین
  - **FDR اسٹیٹ پارک پُول** – یارک ٹاؤن
  - **ہائی ٹور اسٹیٹ پارک پُول** – نیو سٹی
  - **راکلینڈ لیک اسٹیٹ پارک پُول** – ویلی کاٹیج

- **نیو یارک سٹی**
  - **رابرٹو کلیمینٹے اسٹیٹ پارک پُول** – برونکس
  - **ریور بینک اسٹیٹ پارک پُولز (اندرونی و بیرونی)** – مینہیٹن

- **لانگ آئی لینڈ**
  - **جونز بیچ اسٹیٹ پارک ویسٹ باتھ ہاؤس پُول** – وانٹا

- **مونٹاک ڈاؤنز اسٹیٹ پارک پُول** – مونٹاک

- **دارالحکومت کا علاقہ**
  - **سراٹوگا اسپا اسٹیٹ پارک پُولز (پیئرلیس اور وکٹوریہ)** – سراٹوگا اسپرنگز

- **موہاک ویلی**
  - **مائن کِل اسٹیٹ پارک پُول** – نارتھ بلینہیم

- **جنوبی سلسلہ**
  - **واٹکنز گلین اسٹیٹ پارک پُول** – واٹکنز گلین

- **فنگر لیکس**
  - **لیچ ورتھ اسٹیٹ پارک پُول** – کاسٹیل

- **مغربی نیو یارک**
  - **فورٹ نیاگرا اسٹیٹ پارک پُول** – ینگزٹاؤن

- **نارتھ کنٹری**
  - **کیویڈن اسٹیٹ پارک پُول** – الیگزینڈریا بے

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں